گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے | نومبر19, 2024

**صارفین کا انتخاب: پاکستان میں چائے کی پتی کے حوالے سے لپٹن (Lipton) سب سے مقبول ترین برانڈ جس کا حوالہ 20% جوابدہندگان نے دیا۔ اس کے بعد 19% جوابدہندگان نے ٹپال (Tapal) کا ذکر کیا۔**

شہری علاقوں میں ٹپال (30%) اور دیہی علاقوں میں سپریم (23%) چائے کے حوالے سے صارفین کے انتخاب میں سرفہرست رہی۔

| | |
|---|---|
| لپٹن (Lipton) | 20% |
| ٹپال (Tapal) | 19% |
| سپریم (Supreme) | 18% |
| وائیٹل (Vital) | 16% |
| پاکیزہ (Pakeeza) | 3% |
| اسلام آباد چائے (Islamabad) | 3% |
| چائے نہیں پیتے | 1% |

معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا:6% | دیگر جوابات:14%

جب آپ چائے کے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صارفین/کمرشل

کھانا/پینا

## صارفین کا انتخاب: پاکستان میں چائے کی پتی کے حوالے سے لپٹن (Lipton) سب سے مقبول ترین برانڈ جس کا حوالہ 20% جوابدہندگان نے دیا۔اس کے بعد 19% جوابدہندگان نے ٹپال (Tapal) کا ذکر کیا۔ شہری علاقوں میں ٹپال (30%) اور دیہی علاقوں میں سپریم (23%) چائے کے حوالے سے صارفین کے انتخاب میں سرفہرست رہی۔


**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 19 نومبر، 2024

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں چائے کی پتی کے حوالے سے لپٹن (Lipton) سب سے مقبول برانڈ جس کا حوالہ 20% جوابدہندگان نے دیا۔اس کے بعد 19% جوابدہندگان نے ٹپال (Tapal) کا ذکر کیا۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 17% زیادہ شرح میں ٹپال (Tapal) زیادہ مقبول ہے، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں سپریم (Supreme) کے حوالے سے شرح 14% زیادہ پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" جب آپ چائے کے بارے میں سوچتے ہیں توسب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 20% جوابدہندگان کے مطابق چائے کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے " لپٹن (Lipton)" برانڈ کا نام آتا ہے۔ 19% جوابدہندگان کے مطابق چائے کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے " ٹپال (Tapal)"، 18% جوابدہندگان کے مطابق " سپریم (Supreme) " اور 16% جوابدہندگان کے مطابق " وائیٹل (Vital) " کا نام آتا ہے۔3% جوابدہندگان کے مطابق "پاکیزہ (Pakeeza) برانڈ کا نام اُن کے ذہن میں سب سے پہلے آتا ہے۔3% جوابدہندگان کے مطابق چائے کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے " اسلام آباد چائے (Islamabad Tea)" برانڈ کا نام آتا ہے ۔ 1% جوابدہندگان کے مطابق وہ چائے نہیں پیتے، جبکہ 14% جوابدہندگان نے چائے کے برانڈ کے حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 6% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" جب آپ چائے کے بارے میں سوچتے ہیں توسب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** ہر 5 میں سے 1 مرد حضرات اور خواتین کا کہنا ہے کہ جب وہ چائے کے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے اُن کے ذہن میں لپٹن Lipton برانڈ کا نام آتا ہے۔ اس کے علاوہ، مرد حضرات (14%) کی نسبت خواتین (22%) کی نمایاں شرح نے سپریم (Supreme) کا ذکر کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی –شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی اور شہری علاقوں میں چائے کی پتی کے حوالے سے لپٹن (Lipton) برانڈ کا ذکر کرنے والوں کی شرح میں 4% کا فرق دیکھنے میں آیا۔ دیہی علاقوں (13%) کی نسبت شہری علاقوں (30%) میں ٹاپال (Tapal) چائے کی پتی میں بہت زیادہ مقبول نظر آئی، جو مقبولیت میں لپٹن (Lipton) سے آگے ہے۔ اسی دوران، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (9%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (23%) میں سپریم (Supreme) زیادہ مقبول نظر آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1089 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 11th اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 19th November 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)